www.saharaexpressdaily.com saharaexpressranchi@gmail.com ● saharaexpress123@gmail.com ● saharaexpressnews@gmail.com




روزنامہ
سہارا ایکسپریس
رانچی
SAHARA EXPRESS,RANCHI

Urdu Daily Published From
Ranchi,Patna & Delhi

RNI.NO.JHURD/2012/45029 Vol:14 Issue:171 28.06.2025 SATURDAY Re.01 Page:08

جلد نمبر:14 شمارہ:۱۷۱ سنیچر ۲۸ جون ۲۰۲۵ مطابق ۲ محرم الحرام ۱۴۴۷ھ صفحات:08




## ڈاکٹر عرفان انصاری نے شیبو سورین کی جلد صحت یابی اور جھارکھنڈ واپسی کی دعا کی





رانچی، 27 جون (اسٹاف رپورٹر) جھارکھنڈ کانگریس کے انچارج کے راجو کی ہدایت کے مطابق جھارکھنڈ کانگریس کے شریک انچارج بیلا پرساد اور جھارکھنڈ حکومت کے صحت، خوراک کی فراہمی اور ڈیزاسٹر مینجمنٹ کے وزیر ڈاکٹر عرفان انصاری آج دیوگھر ہوائی اڈے سے دہلی کے لیے روانہ ہوئے۔ دہلی پہنچنے کے بعد، دونوں سینئر رہنما جھارکھنڈ تحریک کے سرخیل اور سابق وزیر اعلیٰ شیبو سورین سے ملاقات کریں گے، جو اس وقت گنگا رام اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ گروجی کی طبیعت کچھ عرصے سے ٹھیک نہیں ہے اور ان کا علاج چل رہا ہے۔ دہلی روانگی سے قبل ڈاکٹر عرفان انصاری نے کہا کہ گروجی جھارکھنڈ کے معمار ہیں، وہ ہمارے سب کچھ ہیں۔ ایسے وقت میں جب ان کی طبیعت ناساز ہے، ہمارا فرض ہے کہ ہم دہلی جا کر ان کی خیریت دریافت کریں۔ اگر جھارکھنڈ آج ایک الگ ریاست کے طور پر کھڑا ہے تو یہ ان کی جدوجہد سے بھرپور سیاست کا نتیجہ ہے۔ میں ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتا ہوں اور چاہتا ہوں کہ وہ جلد صحت یاب ہو کر جھارکھنڈ واپس لوٹیں۔" ڈاکٹر انصاری نے یہ بھی کہا کہ وہ سنتھال پرگنہ میں پارٹی کے پروگراموں میں مصروف تھے، لیکن جیسے ہی انہیں انچارج کے راجو کی طرف سے ہدایات موصول ہوئیں، انہوں نے فوری طور پر دہلی روانہ ہونے کا فیصلہ کیا۔ مسٹر بیلا پرساد نے کہا کہ گروجی ہم سب کے رہنما ہیں۔ ہم ان کی طبیعت کو لیکر فکر مند ہیں اور پوری امید ہے کہ وہ جلد ہی مکمل طور پر صحتیاب ہوں گے۔ یہ سفر ہماری ذاتی جذباتی ذمہ داری کے ساتھ۔ ساتھ کانگریس پارٹی کی حساسیت کی بھی علامت ہے۔ دونوں لیڈروں نے کہا ہے کہ وہ دہلی پہنچ کر گروجی کی صحت کے بارے میں معلومات لینے کے بعد مزید جانکاری شیئر کریں گے۔

## سی پی آئی ایم ایل جھارکھنڈ ریاستی کمیٹی نے شیبو سورین کی جلد صحت یابی کی دعا کی



رانچی، 27 جون (اسٹاف رپورٹر) سی پی آئی ایم ایل جھارکھنڈ ریاستی کمیٹی نے جھارکھنڈ کے سرکردہ لیڈر گروجی شیبو سورین کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔ سی پی آئی ایم ایل کے ریاستی سکریٹری منوج بھگت نے آج کہا کہ ریاستی کمیٹی کو امید ہے کہ شیبو سورین جلد صحت یاب ہوں گے اور اپنے لوگوں کے درمیان ہوں گے اور ریاستی سیاست میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ قابل ذکر ہے کہ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے راجیہ سبھا ایم پی اور سابق وزیر اعلیٰ شیبو سورین گزشتہ پانچ دنوں سے دہلی کے سر گنگا رام اسپتال میں داخل ہیں۔ نہ صرف جھارکھنڈ بلکہ پورے ملک کے بڑے سیاسی رہنما اور شخصیات ان کی صحت کو لے کر فکر مند ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے جمعرات کو گنگا رام اسپتال جا کر شیبو سورین کی خیریت دریافت کی تھی۔ اس سے قبل بدھ کو جھارکھنڈ کے گورنر سنتوش گنگوار نے اسپتال جا کر ان کی صحت کے بارے میں جانکاری لی تھی۔ جھارکھنڈ سے لے کر دہلی تک کئی لیڈروں نے ان کی صحت کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا ہے اور ان کی جلد صحت یابی کی دعا کی ہے۔ جھارکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ رگھوور داس نے جمعہ کو گروجی کی صحت کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کو فون کر کے ان کی صحت کے بارے میں دریافت کیا۔ ہیمنت سورین کے ساتھ فون پر بات چیت کے بعد، رگھوور داس نے کہا کہ ہیمنت سورین نے انہیں اطلاع دی ہے کہ بابا (شیبو سورین) کو فالج کا ہلکا دورہ پڑا ہے۔

## مرمو، مودی، ماجھی نے بھگوان جگن ناتھ کی رتھ یاترا پر نیک خواہشات کا اظہار کیا




نئی دہلی/بھونیشور، 27 جون (یو این آئی) صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن ماجھی نے بھگوان جگن ناتھ کی سالانہ رتھ یاترا کے مبارک موقع پر عقیدت مندوں کو مبارکباد دی ہے۔ محترمہ مرمو نے بھگوان جگن ناتھ کی رتھ یاترا کے موقع پر نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے پوری دنیا میں امن، ہم آہنگی اور بھائی چارے کی دعا کی۔ صدر نے سوشل میڈیا ایکس پر لکھا، ''مقدس رتھ یاترا کے موقع پر، میں ملک اور بیرون ملک رہنے والے مہا پربھو جگن ناتھ کے عقیدت مندوں کو مبارکباد پیش کرتی ہوں۔'' صدر نے کہا کہ سالانہ یاترا کے دوران بھگوان بلبھدر، دیوی سبھدرا اور بھگوان جگن ناتھ کے رتھوں کو سری جگناتھ مندر سے پوری کے سری گنڈیچا مندر تک کھینچا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لاکھوں عقیدت مند اس عظیم میلے میں شرکت کے لیے جمع ہوتے ہیں اور اسی طرح کی یاترا ملک کے مختلف حصوں میں منعقد کی جاتی ہیں۔ مسٹر مودی نے بھگوان جگن ناتھ کی رتھ یاترا کے پرمسرت موقع پر لوگوں کو دلی مبارکباد بھی دی۔ وزیر اعظم نے کہا، "تمام ہم وطنوں کو میری دلی مبارکباد! ایمان اور عقیدت کا یہ مقدس تہوار ہر ایک کی زندگی میں خوشی، خوشحالی، اچھی قسمت اور اچھی صحت لائے! جے جگن ناتھ۔" وزیر اعلیٰ ماجھی نے رتھ یاترا کے لئے سری کھیتر پوری پہنچنے والے عقیدت مندوں اور تیرتھ یاتریوں کا خیر مقدم کیا۔ انہوں نے لوگوں پر زور دیا کہ وہ نظم وضبط اور عقیدت کے ساتھ رتھ یاترا میں حصہ لیں اور رتھارودھ (رتھ پر بیٹھے بھگوان) کے دیویہ درشن کرکے بھگوان کا آشیرواد حاصل کریں۔






# ''حضرت عمرؓ! جن کا مسلمان ہونا اسلام کی فتح تھی''



حضرت عمرؓ کا وجود عطیہ خداوندی اور تحفہ سماوی تھا، جسے بطور خاص اسلام کے غلبے کیلئے مانگا گیا تھا، جن کا مسلمان ہونا اسلام کی فتح، جس کی ہجرت مسلمانوں کی نصرت اور جس کی خلافت مسلمانوں کیلئے رحمت تھی۔ وہ مقدس ہستی جس کا رعب اور دبدبہ آج تک قائم ہے، جس سے دل دہلتے تھے، زمین کانپتی تھی، آسمان تھرتھراتا تھا اور شیاطین دور بھاگتے تھے۔ جو اس امت کا محدث تھا، جس کی رائے منشائے خداوندی کے عین مطابق ہوا کرتی تھی اور وحی اس پر مہر تصدیق ثبت کر دیتی تھی، ہواؤں پر جس کی حکومت تھی اور اس کے پیغام کو دور پہنچاتی تھی، دریا جس کے کہنے پر رواں ہوجاتے تھے اور زمین اس کے ضرب سے تھم جاتی تھی، جو خلیفہ برحق تھے۔ یوں تو کشور کشاں اور فاتحین اسلام ادوار میں اور بھی گذرے ہیں جنہوں نے اسلامی تخت کو پھیلایا، ریاست کی حدود میں اضافہ کیا، بحروبر پر حکومت کی، شہروں کو فتح اور دشمن کو مغلوب اور ان کی طاقت کو پسپا کیا مگر مسلمان سلاطین اور ان میں فرق یہ ہے کہ انہوں نے نہ صرف دشمن کی تلواروں کو کند کیا، ان کے سروں کو جھکایا، ان کے شہروں کو فتح کیا مگر ان کے دلوں کو فتح نہ کر سکے۔ یہی وجہ ہے کہ اس طرح کے ممالک جلد یا بدیر اسلامی حلقہ سلطنت سے نکل گئے، اگر خالص انتظامی اور مادی نگاہ سے دور فاروقی کو دیکھا جائے تو بھی دور فاروقی اسلامی تاریخ میں منفرد اور ممتاز نظر آتا ہے، جو راحت اور چین ان کے دور میں مسلمانوں کو ملا، تاریخ شاہد ہے کہ پھر مسلمانوں کو نہ مل سکا۔

حضرت عمرؓ کا نام عمر ابن خطابؓ، لقب فاروق اور کنیت ابوحفص ہے۔ مشہور روایت کے مطابق حضرت عمرؓ نبوت کے چھٹے سال ۳۳ سال کی عمر میں اسلام کی دولت سے مالامال ہوئے۔ آپ کے اسلام لانے سے دین اسلام بہت تیزی سے پھیلنے لگا، آپ نے خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیقؓ کے دور خلافت میں ان کے ساتھ مل کر اسلام کی اشاعت اور غلبے کیلئے بہت کام کیا۔ آپ کے اسلام قبول کرنے کے اعلان سے صحابہ کرامؓ میں خوشی کی لہر دوڑ گئی اور کفار پر رعب پڑ گیا۔ آپ کے اسلام لانے سے بیت اللہ میں اعلانیہ نماز ادا کی گئی، حضرت عمر فاروقؓ اپنی رعایا کی فلاح و بہبود اور ان کی خدمت و آرام کا بہت خیال رکھتے تھے، عوامی شکایات کو ہر ممکن دور کرنے کی کوشش کرتے، آپ کا یہ معمول تھا کہ ہر نماز کے بعد مسجد کے صحن میں بیٹھ جاتے اور لوگوں کی شکایات سنتے ہوئے موقعے پر احکامات جاری کرتے، راتوں کو گشت کرتے اور راہ چلتے لوگوں سے مسائل و حالات پوچھتے، آپ مختلف علاقوں کا خود دورہ کرکے لوگوں کی شکایات کا ازالہ فرماتے۔ آپ نے اپنے دور خلافت میں بیت المقدس کو فتح کرنے اور قیصر و کسریٰ کو پیوند خاک کرکے اسلام کی عظمت کا پرچم لہرانے کیلئے علاوہ شام، مصر، عراق، جزیرہ، خوزستان، عجم، آرمینیا، آذربائیجان، فارس، کرمان، خراسان اور مکران سمیت دیگر کئی علاقے فتح کیے۔ آپ کے دور خلافت میں ۳۶۰۰ علاقے فتح ہوئے، ۹۰۰ جامع مسجدیں اور ۴۰۰۰ عام مساجد تعمیر ہوئیں۔ حضرت عمر فاروقؓ نے اپنے دور خلافت میں خزانے کا محکمہ قائم کیا، عدالتیں قائم کیں اور قاضی مقرر کیے، جیل خانہ اور پولس کا محکمہ بھی آپ نے ہی قائم کیا۔ تاریخ سن ہجری قائم کیا جو آج تک جاری ہے، مردم شماری کرائی، نہریں کھدوائیں، شہر آباد کروائے، مقبوضہ ممالک کو صوبوں میں تقسیم کیا، اصلاح کیلئے درّے کا استعمال کیا، راتوں کو گشت کرکے رعایا کا حال دریافت کرنے کا طریقہ نکالا۔ آپ نے امیرالمومنین کا لقب اختیار کیا، فوجی دفتر ترتیب دیا، دفتر مال قائم کیا، پیمائش جاری کی، فوجی چھاؤنیاں قائم کیں، رضاکاروں کے تنخواہیں مقرر کیں، پرچہ نویس مقرر کیے، مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ تک مسافروں کے آرام کیلئے مکانات تعمیر کرائے، گمشدہ بچوں کی پرورش کیلئے روزینے مقرر کیے، مختلف شہروں میں مہمان خانے تعمیر کرائے، مکاتب و مدارس قائم کیے، معلمین کے مشاہرے مقرر کیے، مفلوک الحال عیسائی اور یہودیوں کے وظیفے بھی آپ نے ہی مقرر کیے، نماز تراویح باجماعت قائم کی، شراب کی حد کیلئے ۸۰ کوڑے مقرر کیے، وقت کا طریقہ ایجاد کیا، مساجد کے اماموں اور موذنوں کی تنخواہیں مقرر کیں، آپ نے اس کے علاوہ بھی بہت سے فلاحی و اصلاحی کام کیے۔

آج مسلمان دور فاروقی کی طرح امن، سکون، چین اور راحت چاہتے ہیں، ہر ایک کی قلبی تمنا ہے کہ پھر سے اسلام کا غلبہ اور مسلمانوں کو برتری نصیب ہو، مگر وہ فاروقی نسخہ آزمانے کیلئے ہماری طبیعتیں آمادہ نہیں ہے، ہم پھل چاہتے ہیں مگر درخت کی آبیاری کیلئے تیار نہیں، نتائج سے غرض رکھتے ہیں مگر اس سے پہلے کے مراحل سے گذرنا نہیں چاہتے، منزل ہمیں مطلوب ہے مگر رخ ہمارا مخالف سمت ہے، غیروں کے نسخوں سے اپنا علاج، ان کے افکار سے اپنی اصلاح اور ان کے نظام سے اپنی تنظیم چاہتے ہیں، مگر نگاہوں میں دور فاروقی کے خواب سجائے ہوئے ہیں۔ بہرحال وہ مرد مجاہد، وہ اسلام کی شان جب ۲۷ ذوالحجہ کو حسب معمول نماز فجر کیلئے مسجد میں تشریف لائے اور نماز شروع کی، ابھی تکبیر تحریمہ ہی کہی تھی کہ ایک شخص ''ابولولو فیروز مجوسی، جو پہلے سے ہی ایک زہر آلود خنجر لئے مسجد کے محراب میں چھپا ہوا تھا'' نے خنجر کے تین وار آپ کے پیٹ پر کئے، جس سے آپ کو گہرے زخم آئے اور آپ بے ہوش ہوکر گر گئے۔ افسوس صد افسوس آپ کے زخم مندمل نہ ہوئے اور یکم محرم الحرام کو دس سال چھ ماہ اور دس دن تک ۲۲ لاکھ مربع میل زمین پر نظام خلافت راشدہ کو قائم کرنے کے بعد آپ ۶۳ برس کی عمر میں جام شہادت نوش فرمالیا۔ حضرت صہیبؓ نے آپ کا جنازہ پڑھایا اور روضہ نبویؐ میں خلیفہ اول سیدنا ابوبکر صدیقؓ کے پہلوں میں تدفین کی گئی۔

قیصر محمود عراقی
کریگ
اسٹریٹ، کمرہٹی، کولکاتا۔ ۵۸
موبائل: 6291697668

# *اب نہ ایسا حسین آئے گا، اب نہ ایسی عبادتیں ہوں گی*



تحریر: ابوشحمہ انصاری
سعادت گنج، بارہ بنکی

محرم کا چاند جب طلوع ہوتا ہے تو فضا میں ایک عجیب سی خاموشی اتر آتی ہے۔ جیسے وقت تھم سا گیا ہو، دلوں میں لرزہ طاری ہوگیا ہو، پھر آنکھیں خودبخود نم ہونے لگتی ہیں۔ اسلامی سال کا آغاز جس سانحے کی یاد کے ساتھ ہوتا ہے، وہ دنیا کے تمام مظلوموں، سچائی کے متلاشیوں، اور عبادت کے عاشقوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ وہ کربلا جہاں ریت بھی جلتی تھی، پیاس بھی سوال کرتی تھی، اور جہاں آسمان نے وہ منظر دیکھا جو قیامت تک نہ بھولا جاسکے گا۔

یہ محض ایک معرکہ نہیں، بلکہ صدیوں پر محیط ایک روحانی انقلاب کا آغاز تھا۔ حسین ابن علی رضی اللہ عنہ نے صرف وقت کے یزید کو للکارا نہیں، بلکہ ہر دور کے ظالم کو یہ پیغام دے دیا کہ سچائی سر کٹوا سکتی ہے، سر جھکا نہیں سکتی۔ کربلا کے میدان میں جو کچھ پیش آیا، وہ قربانی کی اس معراج کو بیان کرتا ہے جس کی نظیر نہ پہلے تھی نہ بعد میں ملے گی۔ یہی وہ لمحہ ہے جب بندگی، وفا، صبر، رضا، اخلاص، اور عشق نے اپنے بلند ترین مقام کو چھولیا۔

امام حسین رضی اللہ عنہ نے جب مدینے سے رختِ سفر باندھا، تو یہ دنیاوی حکمت عملی نہیں، بلکہ روحانی بصیرت تھی۔ وہ جانتے تھے کہ ان کا انجام کیا ہوگا، مگر ان کا عزم اس بات پر قائم تھا کہ اگر دین کو بچانے کے لیے میری قربانی درکار ہے تو میں خود کو اور اپنے اہل وعیال کو بھی نچھاور کر دوں گا۔ ان کے خیموں میں قرآن کی تلاوت تھی، راتوں کو سجدے تھے، اور دن میں صبر و استقلال۔ ان کی عبادت صرف محراب و منبر تک محدود نہیں تھی، بلکہ ہر لمحہ، ہر فیصلہ، اور ہر قدم پر بندگی کا رنگ نمایاں تھا۔

محرم کی مجالیس، حسین ابن علی رضی اللہ عنہ کے محاسن کا تذکرہ اور ان کی شان میں مناقب وسلام پیش کرنا محض کسی رسم کی بجا آوری نہیں ہے، بلکہ روحانی وابستگی کا حقیقی مظہر ہے۔

یہ وہ مواقع ہیں جو ہمیں جھنجھوڑ کر یاد دلاتے ہیں کہ ہم کہاں کھڑے ہیں۔ حسین رضی اللہ عنہ کا ذکر کرتے ہوئے اگر ہماری زبان کانپتی ہے، تو کیا ہمارا کردار بھی ویسا ہی کانپتا ہے جب ہمیں حق پر کھڑا ہونا پڑے؟ کیا ہم نے وہ عبادتیں اپنائیں جو حسین رضی اللہ عنہ نے سکھائیں؟ کیا ہم نے راتوں کو جاگ کر اپنے رب سے وہ تعلق قائم کیا جیسا تعلق کربلا کے قافلے کا تھا؟

آج کے دور میں عبادت اکثر ایک رسم بن چکی ہے۔ نیت کا خلوص، دل کی حاضری، روح کا خشوع، سب کچھ کم ہوتا جا رہا ہے۔ ہم عبادت کرتے ہیں، مگر عبادت میں وہ لرزہ، وہ تعلق، وہ جذبہ باقی نہیں رہا جو امام عالی مقام کے سجدہ گاہ پر بہتے لہو میں نظر آتا ہے۔ وہ سجدہ جس میں سر کٹ گیا، لیکن بندگی کا سفر نہ رکا، وہ نماز جس کا آخری رکوع قربانی بن گیا، وہ اذان جس کے بعد قافلہ کٹتا چلا گیا۔ وہی اصل عبادت ہے۔

کربلا ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ عبادت صرف ایک عمل نہیں بلکہ ایک موقف ہے۔ یہ وہ لمحہ ہے جب شبیہِ مصطفی ﷺ، اپنے چھوٹے بچوں، نوجوان بھائی، بھتیجوں اور اصحاب کے ساتھ حق کی راہ میں کٹتا ہے اور کہتا ہے، میں کسی بھی قیمت پر ظلم و فسق کی تائید نہیں کرسکتا۔ کربلا کا ہر شہید گویا یہ پیغام دے رہا ہے کہ عبادت کا حق ادا تب ہوتا ہے جب تمہارے سامنے دنیا کی آسائشیں ہوں، زندگی کا فریب ہو، اور تم پھر بھی رب کو چن لو۔

آج جب ہم امام حسین رضی اللہ عنہ کی قربانی کو یاد کرتے ہیں تو ہماری آنکھیں اشک بار ہوجاتی ہیں؛ لیکن یہ آنسو ہمارے کردار میں تبدیلی نہیں لاتے، صرف جذبات کی تسکین بن کر رہ جاتے ہیں۔ حسین رضی اللہ عنہ کا غم دل میں ہو اور زبان جھوٹ بولے، ہاتھ ظلم کو برداشت کرے، آنکھ فحش مناظر دیکھے، اور قدم گناہ کی طرف بڑھیں۔ تو یہ کیسا تعلق ہے؟ کیسی عقیدت ہے؟ اور کیسی یاد ہے؟

محرم ہمیں صرف ایک تاریخی واقعہ یاد دلانے نہیں آتا، بلکہ یہ ایک موقع ہوتا ہے کہ ہم اپنے اندر جھانکیں۔ ہم اپنے طرزِ عبادت، اپنی زندگی کے اصول، اپنے معاشرتی رویوں کو امام حسین رضی اللہ عنہ کے پیغام کی کسوٹی پر پرکھیں۔ ہمیں دیکھنا ہوگا کہ ہم صرف نعرے لگا رہے ہیں یا واقعی اس پیغام کو اپنی عملی زندگی میں سمو بھی رہے ہیں۔

یہ وہ ایام ہیں جن میں روح کو جھنجھوڑنے والا ہر لمحہ ہمیں دعوتِ فکر دیتا ہے کہ ہم اپنی عبادتوں کو نئی روح عطا کریں۔ وہ عبادت جو شب بیداری ہو، عاجزی ہو، جو اخلاص ہو، جو دنیا کے خوف سے آزاد ہو، جو بندگی کی معراج ہو۔ لیکن آج کی دنیا میں عبادت صرف نماز کے چند ارکان میں محدود ہو کر رہ گئی ہے۔ سجدہ ہے، مگر دل غافل ہے۔ تلاوت ہے، مگر روح غیر حاضر ہے۔ دعا ہے، مگر یقین ندارد۔

اب نہ وہ سجدے رہے، نہ وہ شب زندہ داریاں، نہ وہ آہیں، نہ وہ زاری، نہ وہ قربانی کا حوصلہ، نہ وہ وفا کا دم۔ اب نہ ویسے قافلے نکلتے ہیں، نہ ویسی مائیں اپنے بیٹے قربان کرتی ہیں، نہ ویسا حسین رضی اللہ عنہ آئے گا، نہ ویسی عبادتیں ہوں گی۔ وقت بدل چکا ہے، دنیا تیز ہو چکی ہے، لیکن کربلا کی وہ سچائیاں آج بھی دلوں پر دستک دے رہی ہیں۔

ہمیں اب خود کو بدلنا ہوگا۔ صرف حسین رضی اللہ عنہ کا تذکرہ کافی نہیں، ان کی راہ پر چلنا بھی ضروری ہے۔ صرف آنکھوں کو نم کرنا کافی نہیں، دل کو بیدار کرنا بھی لازم ہے۔ اگر ہم نے کربلا سے یہ سبق نہ لیا، تو ہم تاریخ کے تماشائی تو بن جائیں گے، مگر راہی نہیں۔

محرم، ہر برس ہمیں موقع دیتا ہے کہ ہم اپنی روح کی گرد جھاڑیں، اپنی نیتوں کو خالص کریں، اپنی عبادتوں کو زندہ کریں، اور اپنی زندگی کو حسینی بنائیں۔ یہی اصل پیغام ہے، یہی اصل بندگی ہے، اور یہی اصل فریضہ۔

